# ضمنی الیکشن کا خلاصہ

## 2022 قانون ساز کونسل الیکشن کمیٹی حلقہ کے ضمنی الیکشن کے لیے پولنگ کا انتظام

- پولنگ کی تاریخ: 18 دسمبر 2022 (اتوار)
- پولنگ کے اوقات: صبح 9:00 بجے سے صبح 11:30 بجے تک (تعزیری/ قانونی اداروں میں قائم کیے جانے والے مخصوص پولنگ اسٹیشنوں اور کمیونٹی آئسولیشن مرکز (اگر کوئی ہے) پر قائم کیے جانے والے پولنگ اسٹیشن کے پولنگ کے اوقات صبح 9:00 بجے سے صبح 10:30 بجے تک ہیں۔)

## نامزدگی کی مدت

- نامزدگی کی مدت: 1 نومبر سے 14 نومبر 2022 تک
- نامزدگی فارم دفتر برائےاندراج و انتخاب (رجسٹریشن اینڈ الیکٹورل آفس) ("REO") کی ویب سائٹ (www.reo.gov.hk) سے ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں، یا درج ذیل دفاتر سے مفت لیے جاسکتے ہیں۔
  - ضلعی دفاتر؛
  - ریٹرننگ آفیسر کا دفتر

(13/F, East Wing, Central Government Offices, 2 Tim Mei Avenue, Tamar, Hong Kong)؛ یا
  - REO کے دفاتر

(10/F, Harbour Centre, 25 Harbour Road, Wan Chai, Hong Kong or
Unit 2301-03, 23/F, Millennium City 6, 392 Kwun Tong Road, Kwun Tong, Kowloon)

## منتخب ہونے والے اراکین کی تعداد

- الیکشن کمیٹی حلقہ ("ECC") کے چار اراکین

## نامزدگی اور امیدواری۔

- امیدوار کی عمر 21 سال یا اس سے زیادہ ہونی چاہیے۔ ایک جغرافیائی حلقے کے لیے بطور ووٹر رجسٹرڈ ہو؛ قانون ساز کونسل آرڈیننس (Cap. 542) کے سیکشن 39 کے تحت منتخب ہونے کے لیے نااہل قرار نہ دیا گیا ہو؛ عام طور پر اپنی نامزدگی کی تاریخ سے فوراً پہلے 3 سال سے ہانگ کانگ میں مقیم ہو؛ اور ایک چینی شہری ہو جو ہانگ کانگ کا مستقل رہائشی ہو اور اسے عوامی جمہوریہ چین کے علاوہ کسی اور ملک میں رہائش کا حق حاصل نہ ہو۔ امیدوار کو الیکشن کمیٹی ("EC") کا رکن ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔
- ہر امیدوار کو 10 سے کم ، لیکن 20 سے زیادہ ، EC کے اراکین کی طرف سے نامزد نہ کیا جائے ، بشمول EC کے 5 شعبوں میں سے ہر ایک سے 2 سے کم لیکن 4 سے زیادہ اراکین کہ طرف سے نہیں۔
- EC کا ہر رکن صرف 1 امیدوار کو نامزد کر سکتا ہے۔

## پولنگ

- EC اراکین، نامزد افراد کی فہرست کی بنیاد پر، خفیہ رائے شماری کے ذریعے اپنا ووٹ ڈالیں گے۔ بیلٹ پیپر صرف اس صورت میں درست ہے جب بیلٹ پیپر میں موجود ووٹوں کی تعداد منتخب اراکین کی تعداد کے برابر ہو۔ سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے چار امیدواروں کو ضمنی الیکشن میں منتخب کیا جائے گا۔

## کون ووٹ دے سکتا ہے۔

- جن اراکین کے نام EC اراکین کے حتمی رجسٹر میں شامل کیے گئے ہیں وہ نامزدگی اور ووٹ ڈالنے کے اہل

ہیں۔

## **کہاں ووٹ دینا ہے۔**

- ووٹ ڈالنے کے لیے ECC ووٹرز کے لیے ECC پولنگ سٹیشن قائم کیا جائے گا۔
- زیر حراست ووٹرز کو مناسب طور پر تعزیری ادارے یا پولیس سٹیشن میں مخصوص پولنگ سٹیشن پر ووٹ دینے کا انتظام کیا جائے گا۔
- کمیونٹی آئسولیشن فیسیلٹی ("CIF") میں ایک پولنگ سٹیشن قائم کیا جائے گا، ECC کے ان ووٹرز کے لیے جو ووٹ ڈالنے کے لیے علاقے میں آئسولیشن (تنہائی) یا قرنطینہ کے اقدامات کی وجہ سے پولنگ کے دن ECC پولنگ سٹیشن پر اپنا ووٹ ڈالنے سے قاصر ہیں۔
- پولنگ کے دن سے کم از کم 10 دن پہلے ووٹر کو نامزد پولنگ سٹیشن کے بارے میں معلومات دینے والا پول کارڈ جاری کیا جائے گا۔
- پولنگ سٹیشن خصوصی ضروریات والے افراد (وہیل چیئر استعمال کرنے والے یا نقل و حرکت میں دشواری کا شکار افراد) کے لیے قابل رسائی ہیں۔

## **ووٹ دینے کا طریقہ**

- اپنے ہانگ کانگ شناختی کارڈ ("HKID کارڈ") یا دیگر متعین متبادل دستاویز (دستاویزات) ("بیلٹ پیپر حاصل کرنے کے لیے درکار دستاویزات" کے سیکشن کی طرف برائے مہربانی رجوع کرکے تفصیلات درج ذیل میں دیکھیں) کی اصل اپنے ساتھ لائیں۔ پولنگ کے اوقات (صبح 9:00 بجے سے صبح 11:30 بجے تک) (تعزیری/قانونی اداروں میں وقف پولنگ اسٹیشنوں اور کمیونٹی آئسولیشن سہولت (اگر کوئی ہے) پر قائم پولنگ اسٹیشن کے پولنگ کے اوقات صبح 9:00 سےصبح 10:30 تک ) کے دوران [18 دسمبر 2022 (اتوار) کو نامزد پولنگ سٹیشن] اور اسے پولنگ سٹیشن کے اندر پولنگ عملے کے سامنے پیش کریں۔ پولنگ کا عملہ آپ سے درخواست کرے گا کہ آپ اپنے چہرے کے ماسک کو عارضی طور پر ہٹا دیں اور چہرہ دکھائیں۔ پولنگ کا عملہ آپ کے HKID کارڈ کو اسکین کرنے کے لیے الیکٹرانک پول رجسٹر ("EPR") سسٹم کا ایک ٹیبلٹ استعمال کرے گا تاکہ یہ چیک کیا جا سکے کہ آیا آپ ECC کے ووٹر ہیں۔ تصدیق کے بعد، پولنگ عملہ آپ کو بیلٹ پیپر دے گا اور EPR سسٹم آپ کو بیلٹ پیپر کے اجراء کو ریکارڈ کرے گا۔
- آپ کو ایک کالا قلم بھی دیا جائے گا۔ اس کے بعد، آپ کو فوری طور پر ووٹنگ کمپارٹمنٹ میں سے کسی ایک میں جانا چاہیے۔
- براہ کرم پولنگ عملے کے ساتھ ساتھ بیلٹ پیپر پر چھپی ہوئی ہدایات اور ووٹنگ کمپارٹمنٹ کے اندر نوٹس پر عمل کریں، اور ووٹنگ کمپارٹمنٹ کے اندر بیلٹ پیپر پر نشان لگائیں۔
- آپ کو بیلٹ پیپر پر پانچ **سے زیادہ یا کم امیدواروں کو ووٹ نہیں دینا چاہیے۔** آپ کو پولنگ سٹیشن کی طرف سے فراہم کردہ قلم کا استعمال کرتے ہوئے اپنی پسند کے امیدواروں کے ناموں کے سامنے بیضوی شکل میں کالا رنگ بھرنا چاہیے۔
- ہر ووٹنگ کمپارٹمنٹ صرف ایک ووٹر کو ایک وقت میں استعمال کرنا ہے۔ ووٹنگ کی خودمختاری اور ووٹ کی رازداری کے اصولوں کی بنیاد پر، قانون کے تحت یہ ممنوع ہے کہ کوئی بھی شخص (چاہے وہ ووٹر کا رشتہ دار یا دوست ہی کیوں نہ ہو) ووٹ ڈالنے کے لیے ووٹر کے ساتھ ہو یا اس کی مدد کرے۔
- ایک ووٹر جس کو خود بیلٹ پیپر پر نشان لگانے میں دشواری ہو، وہ قانون کے مطابق، PRO یا PRO کے نائب سے کہہ سکتا ہے کہ وہ ایک پولنگ عملہ کی بطور گواہ موجودگی میں اپنی ووٹنگ کی ترجیح کے مطابق بیلٹ پیپر کو نشان زد کرے۔ ۔
- آپ کو اپنا بیلٹ پیپر تہہ نہیں کرنا چاہیے۔ بیلٹ پیپر پر نشان لگانے کے بعد، آپ پولنگ سٹیشن میں نصب آپٹیکل

مارک ریکگنیشن مشین استعمال کر سکتے ہیں تاکہ یہ چیک کیا جا سکے کہ جن امیدواروں کے لیے آپ نے بیلٹ پیپر پر نشان لگایا ہے ان کی تعداد پانچ **سے زیادہ یا کم نہیں ہے .** پولنگ سٹیشن میں نصب آپٹیکل مارک ریکگنیشن مشین بیلٹ پیپر پر نشان زد آپ کے انتخاب کو ریکارڈ یا شمار نہیں کرے گی۔ آپ آپٹیکل مارک ریکگنیشن مشین استعمال کریں یا نہ کریں یہ مکمل طور پر رضاکارانہ ہے اور یہ انتظام استعمال کرنا لازمی نہیں ہے۔

- اس کے بعد آپ بیلٹ پیپر کو پولنگ سٹیشن کی طرف سے فراہم کردہ لفافے میں ڈالیں اور لفافے میں موجود بیلٹ پیپر کو بیلٹ باکس میں ڈال دیں۔
- اگر بیلٹ پیپر کو نشان زد کرنے میں آپ سے کوئی غلطی ہو جاتی ہے یا نادانستہ طور پر بیلٹ پیپر خراب ہو جاتا ہے، تو آپ وہ بیلٹ پیپر پریذائیڈنگ آفیسر ("PRO") کو واپس کر سکتے ہیں اور اس کے متبادل کے لیے کہہ سکتے ہیں۔

**بیلٹ پیپر لینے کے لیے درکار دستاویزات**

- مروجہ قانون سازی کے تحت، بیلٹ پیپر کے لیے درخواست دینے والے شخص کو اپنے HKID کارڈ کی اصل یا درج ذیل مخصوص متبادل دستاویز (دستاویزات) پیش کرنی چاہئیں:

    - ایک درست HKSAR پاسپورٹ کی اصل؛ یا
    - استثنیٰ کے سرٹیفکیٹ کی اصل؛ یا
    - HKID کارڈ کے لیے درخواست کی تصدیق کی اصل؛ یا
    - فرد کی درست سیمین کی شناختی کتاب کی اصل؛ یا
    - ویزا کے مقاصد کے لیے فرد کی شناخت کی درست دستاویز کی اصل؛ یا
    - ایک دستاویز جو پولیس افسر کو اس فرد کے HKID کارڈ کے گم یا ضائع ہونے کی رپورٹ یا استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ یا HKID کارڈ کے لیے درخواست کی تصدیق (جسے عام طور پر "گمشدہ جائیداد کا میمو" کہا جاتا ہے) بطور ثبوت . ایک درست پاسپورٹ کی اصل* یا اس سے ملتی جلتی سفری دستاویز (مثال کے طور پر HKSAR پاسپورٹ کے علاوہ پاسپورٹ یا گھر واپسی کا اجازت نامہ) جو اس کا نام اور تصویر دکھاتا ہو۔

* برٹش نیشنل (اوورسیز) ( BN( O)) پاسپورٹ ایک درست سفری دستاویز اور شناخت کا ثبوت نہیں ہے۔

- تفصیلات کے لیے، براہ کرم الیکٹورل افیئر کمیشن (الیکٹورل پروسیجر) (قانون ساز کونسل) ریگولیشن ( .Cap D541) کے سیکشن 50 سے رجوع کریں۔

**ضرورت مند ووٹرز کے لیے خصوصی قطار**

- پولنگ سٹیشن میں صرف ووٹرز کو داخلے کی اجازت ہے۔
- "منصفانہ اور مساوی سلوک" کے اصول کے تحت، ووٹرز کو ووٹ دینے کے لیے قطار میں کھڑا ہونا چاہیے۔ اگر PRO مطمئن ہے کہ کوئی شخص جو ووٹ ڈالنے کے لیے پولنگ سٹیشن پر پہنچتا ہے، یا اس میں موجود ہے، درج ذیل وضاحتوں کے اندر آتا ہے، PRO اس شخص کو فوری طور پر مقررہ علاقے یا اگر وہاں قطار موجود ہے جو اس علاقہ سے باہر پھیلی ہوئی ہے تو اس کے آخر میں جانے کی ہدایت کرے گا ، بیلٹ پیپر کے لیے درخواست دینے کے لیے -
    - جس کی عمر 70 سال سے کم نہ ہو*؛

- جو حاملہ ہے؛ یا
- جو ، بیماری، چوٹ، معذوری یا نقل و حرکت کے آلات پر انحصار کی وجہ سے، زیادہ دیر تک قطار میں نہیں کھڑا ہو سکتا ہے یا قطار میں کھڑے ہونے میں دشواری کا سامنا ہے۔

* درج ذیل شخص سمیت ۔

- جس کی دستاویز اس شخص کی پیدائش کا سال دکھاتی ہے، بغیر کسی مہینے اور دن کے، جو کہ اس سال سے 70 سال پہلے ہے جس میں پولنگ کا دن آتا ہے؛
- جس کی دستاویز ظاہر کرتی ہے کہ یوم پیدائش کے بغیر، اس شخص کی پیدائش کا سال جو اس سال سے 70 سال پہلے ہے جس میں پولنگ کا دن آتا ہے اور اس شخص کی پیدائش کا مہینہ وہی مہینہ ہے جس میں پولنگ کا دن ہے۔

- PRO پولنگ سٹیشن کے اندر بیٹھنے کی جگہ بھی مختص کرے گا کہ اگر وہ چاہیں تو مذکورہ ووٹرز آرام کر سکیں۔ آرام کرنے کے بعد، وہ بیلٹ پیپر جاری کرنے والے ڈیسک پر جانے سے پہلے خصوصی قطار کے ساتھ قطار میں کھڑے ہو سکتے ہیں۔
- ووٹنگ کی خودمختاری اور ووٹ کی رازداری کے اصولوں کی بنیاد پر، قانون کسی کو بھی (چاہے وہ ووٹر کا رشتہ دار یا دوست ہی کیوں نہ ہو) کو اپنا ووٹ ڈالنے کے لیے ووٹر کے ساتھ جانے یا اس کی مدد کرنے سے منع کرتا ہے۔ ایک ووٹر جس کو خود بیلٹ پیپر پر نشان لگانے میں دشواری ہو، وہ قانون کے مطابق، PRO یا PRO کے نائب سے کہہ سکتا ہے کہ وہ ایک پولنگ عملہ بطور گواہ کی موجودگی میں ووٹر کی ووٹنگ کی ترجیح کے مطابق بیلٹ پیپر کو نشان زد کرے۔ PRO کو اختیار استعمال کرنے کی اجازت دی گئی ہے، جہاں مناسب ہو، ساتھ آنے والے افراد کو ووٹرز کے ساتھ مل کر خصوصی قطار استعمال کرنے کی اجازت دی گئی ہے جن ووٹرز کو دوسرے افراد کی مدد کی حقیقتاً ضرورت ہے۔

**<u>ووٹرز کے لیے چیک لسٹ</u>**

- بدعنوانی کے خلاف آزاد کمیشن ("ICAC") کے ذریعہ نافذ کردہ الیکشن (بدعنوان اور غیر قانونی طرز عمل) آرڈیننس (Cap. 554) کے مطابق، ایک ووٹر کو ہانگ کانگ یا کسی اور جگہ پر درج ذیل کارروائیاں ہر گز نہیں کرنی چاہئیں:
    - انتخابی مدت کے دوران عوامی سرگرمی کے ذریعے کسی بھی شخص کو ووٹ نہ دینے، خالی یا غلط ووٹ ڈالنے کے لیے اکسانا۔
    - جان بوجھ کر کسی دوسرے شخص کو الیکشن میں ووٹ دینے سے روکنا اور منع کرنا۔
    - الیکشن میں ووٹ نہ دینے، یا کسی خاص امیدوار یا مخصوص امیدواروں کو ووٹ دینے یا ووٹ نہ دینے پر کسی بھی شخص سے کوئی فائدہ (بشمول رقم، تحفہ وغیرہ)، کھانا، پینا یا تفریح طلب کرنا یا قبول کرنا۔
    - کسی بھی شخص کو کوئی فائدہ (بشمول رقم، تحفہ وغیرہ)، کھانے، پینے یا تفریح کی پیشکش کسی شخص کو الیکشن میں ووٹ نہ دینے، یا کسی خاص امیدوار یا مخصوص امیدواروں کو ووٹ دینے یا نہ دینے کے لیے ترغیب یا انعام کے طور پر پہنچانے کی پیش کش کرنا۔
    - کسی بھی شخص کے خلاف طاقت یا دباؤ کا استعمال کرنا یا دھمکی دینا کہ وہ کسی الیکشن میں ووٹ دینے یا نہ دینے کے لیے، یا کسی خاص امیدوار یا مخصوص امیدواروں کو ووٹ دینے یا نہ دینے پر آمادہ کرنا۔
    - کسی بھی شخص کو دھوکہ دہی کے ذریعے ووٹ دینے یا کسی خاص امیدوار یا مخصوص امیدواروں کو الیکشن میں ووٹ دینے یا نہ دینے کے لیے، یا الیکشن میں ووٹ نہ دینے کے لیے، یا دھوکہ دے کر کسی بھی شخص کو الیکشن میں ووٹ دینے سے روکنا یا منع کرنا۔
    - الیکشن میں یہ جانتے ہوئے ووٹ دینا کہ وہ ایسا کرنے کا حقدار نہیں ہے۔
    - انتخابی افسر کو جان بوجھ کر یا لاپرواہی سے غلط یا گمراہ کن معلومات (مثلاً غلط بنیادی رہائشی پتہ) دینے کے بعد الیکشن میں ووٹ دینا۔

پولنگ سٹیشن میں درج ذیل کام بھی ممنوع ہیں:

- دوسرے ووٹرز کے ساتھ بات چیت کرنا بشمول بیلٹ پیپر پر اپنا ووٹ دوسروں کو دکھانا یا الیکٹرانک بات چیت کے لیے موبائل ٹیلی فون یا کوئی دوسرا آلہ استعمال کرنا۔
- فلم بنانا، تصاویر لینا یا کوئی آڈیو یا ویڈیو ریکارڈنگ کرنا۔
- دوسرے ووٹرز سے آپ کے بیلٹ پیپر پر نشان لگانے کو کہنا۔ ضرورت پڑنے پر، آپ قانون کے مطابق، پولنگ آفیسر کی موجودگی میں اپنے بیلٹ پیپر پر نشان لگانے کے لیے PRO سے درخواست کر سکتے ہیں۔
- دوسرے ووٹرز کے ساتھ مداخلت کرنا جو اپنا ووٹ ڈال رہے ہیں۔

- ICAC نے واضح الیکشن ویب سائٹ قائم کی ہے اور متعلقہ معلومات فراہم کی ہیں (انگریزی اور چینی دونوں زبانوں میں)۔ براہ کرم www.icac.org.hk/elections ملاحظہ کریں ۔

**پولنگ سٹیشنز اور سنٹرل کاؤنٹنگ سٹیشن میں COVID-19 کے جواب میں انسداد وباء اقدامات**

- COVID-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے، ہیلتھ بیورو اور مرکز برائے حفاظت صحت کی مشاورت سے، REO پولنگ سٹیشنز اور سنٹرل کاؤنٹنگ سٹیشن میں درج ذیل اقدامات کو اپنائے گا:

**پولنگ سٹیشنز**

- تمام پولنگ عملے کو سرجیکل ماسک پہننے اور اپنے جسم کا درجہ حرارت چیک کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر وہ بیلٹ پیپر جاری کرنے والے ڈیسک، PRO ڈیسک وغیرہ پر لگائی گئی شفاف حفاظتی اسکرینوں سے محفوظ نہیں ہیں تو انہیں چہرے کی شیلڈ بھی پہننی ہوگی۔
- پولنگ سٹیشنز میں داخل ہونے والے تمام افراد (بشمول ووٹر، امیدوار/ایجنٹ) کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنا ماسک مناسب طریقے سے پہنیں، اپنے جسم کا درجہ حرارت چیک کریں اور پولنگ سٹیشنز کے داخلی اور خارجی مقامات پر رکھے گئے ہینڈ سینیٹائزر کو اپنے ہاتھوں پر لگائیں۔
- تمام پولنگ سٹیشنز پر الیکٹرونک تھرمامیٹر لگائے گئے ہیں تاکہ ووٹرز، امیدواروں اور ایجنٹوں کی پولنگ سٹیشنز پر آمد پر ان کے جسمانی درجہ حرارت کو چیک کیا جا سکے۔
- پولنگ کے تمام عملے کو پولنگ کے دن کی صبح COVID-19 ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹ کرنا ہوگا اور پولنگ اسٹیشنوں پر کام کے لیے رپورٹ کرنے سے پہلے منفی نتیجہ حاصل کرنا ہوگا۔ بخار یا سانس کی علامات والے پولنگ عملے کو انتخابی ڈیوٹی ادا کرنے کی اجازت نہیں ہوگی جب کہ امیدواروں / ایجنٹوں کو پولنگ سٹیشنز میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی لیکن امیدوار کسی دوسرے نمائندے کو پولنگ کا مشاہدہ کرنے کا اختیار دے سکتے ہیں۔
- بخار یا سانس کی علامات یا ذائقہ/بو کے احساس میں اچانک کمی والے ووٹرز کو پولنگ سٹیشنز کے مخصوص کمپارٹمنٹس میں ووٹ دینے کے لیے مختص کیا جائے گا۔
- پولنگ سٹیشنز پر ووٹرز کو سماجی فاصلہ برقرار رکھنے کی یاددہانی کرانے والے ہاتھ میں پکڑے کارڈ اور نشانات آویزاں کیے جائیں گے۔

**سنٹرل کاؤنٹنگ سٹیشن [1]**

- سنٹرل کاؤنٹنگ سٹیشن کے تمام عملے کو سرجیکل ماسک پہننے اور اپنے جسم کا درجہ حرارت چیک

کرنے کی ضرورت ہے۔ رجسٹریشن اور انکوائری کاؤنٹرز پر شفاف حفاظتی اسکرینیں بھی لگائی جائیں گی۔ میڈیا سینٹر میں زیادہ سے زیادہ گنجائش کے ساتھ عوام میں سماجی فاصلہ کے اقدامات کو سختی سے نافذ کیا جائے گا۔

- سنٹرل کاؤنٹنگ سٹیشن میں داخل ہونے والے یا قیام کرنے والے تمام افراد (بشمول EC ممبران)، ان لوگوں کے علاوہ جن کے پاس مخصوص طبی استثنیٰ کے سرٹیفکیٹ ہیں یا دیگر مستثنیٰ افراد، کو COVID-19 ویکسین کی کم از کم 3 خوراکیں حاصل کرنے اور متعلقہ "ویکسین پاس" کی ضروریات کی تعمیل کرنے کی ضرورت ہوگی ۔
- تمام گنتی کرنے والے عملے کو پولنگ کے دن کی صبح COVID-19 ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹ سے کرنا ہوگا اور سنٹرل کاؤنٹنگ سٹیشن پر کام کی اطلاع دینے سے پہلے منفی نتیجہ حاصل کرنا ہوگا۔ بخار یا سانس کی علامات، یا ذائقہ/بو کے احساس میں اچانک کمی والے گنتی کرنے والے عملے کو گنتی کے فرائض ادا کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔
- امیدواروں اور ان کے ایجنٹوں، میڈیا اور عوام کے ارکان کے سنٹرل کاؤنٹنگ سٹیشن پر پہنچنے پر ان کے جسمانی درجہ حرارت کو جانچنے کے لیے سنٹرل کاؤنٹنگ سٹیشن پر الیکٹرانک تھرمامیٹر لگائے جاتے ہیں۔ کسی بھی شخص (بشمول امیدواروں اور ایجنٹوں) کو بخار یا سانس کی علامات، یا ذائقہ/بو کے احساس میں اچانک کمی کے ساتھ سنٹرل کاؤنٹنگ سٹیشن میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اگر امیدواروں/ایجنٹوں کو بخار یا سانس کی علامات، یا ذائقہ/بو کے احساس میں اچانک کمی ہو، تو امیدوار گنتی کا مشاہدہ کرنے کے لیے دوسرے ایجنٹ کو مقرر کر سکتے ہیں۔
- سنٹرل کاؤنٹنگ سٹیشن کے اندر ہینڈ سینیٹائزر فراہم کیے جائیں گے۔
- REO سنٹرل کاؤنٹنگ سٹیشن کے کھلنے سے پہلے غیر دھاتی سطح والے فرنیچر کو جراثیم سے پاک کرنے کے لیے پتلا بلیچ استعمال کرنے کا انتظام کرے گا (جیسے کاؤنٹنگ ڈیسک، استقبالیہ کاؤنٹر، کرسیاں وغیرہ)۔

[1] سنٹرل کاؤنٹنگ سٹیشن کے لیے مجوزہ حفاظتی اقدامات میڈیا سنٹر کے لیے بھی اپنائے جائیں گے۔